[As INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

Bill

further to amend the Natural Gas (Development Surcharge) Ordinance, 1967

WHEREAS it is expedient to amend the Natural Gas (Development Surcharge) Ordinance, 1967 (I of 1967) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as under: -

1. Short title and commencement. - (l) This Act may be called the Natural Gas (Development Surcharge) (Amendment) Act, 2026.

(2) It shall come into force at once.

2. Amendment of section 2, I of 1967.- (l) In the Natural Gas (Development Surcharge) Ordinance (I of 1967), hereinafter referred to as "the said Ordinance", in section 2-

(a) after the word "context" the following new clause shall be inserted, and the existing clause (l), shall be re-numbered as clause (IA), namely:-

"(l) "Authority" means the Oil and Gas Regulatory Authority established under Oil and Gas Regulatory Authority Ordinance, 2002 (XVII of 2002);

(b) in clause (3), for the words "fixed sale price", the words "sale price" shall be substituted; and

(c) for clauses (4), (5) and (6), the following shall be substituted, namely:__

(4) "late payment surcharge" means late payment surcharge prescribed under sub-section (3) of section 3;

(5) "natural gas" means gas obtained from bore holes and wells consisting primarily of hydrocarbons;

(6) "negative differential margin" means the amount by which prescribed price exceeds the sale price;

(7) "OGRA Ordinance" means the Oil and Gas Regulatory Authority Ordinance, 2002 (XVII of 2002);

(8) "prescribed price" means a price or the amount which a company is entitled to receive from its consumer either in order to achieve its total revenue requirement or under petroleum concession agreement or any other gas pricing agreement executed with the Government, as determined and notified by the Authority pursuant to the provisions of OGRA Ordinance, 2002 and the rules made there under; and

(9) "sale price" means the price, inclusive of all applicable tariffs, as declared by the Federal Government for specific companies or categories of consumers, in accordance with the provisions of the OGRA Ordinance and rules made thereunder.".

3. Amendment of section 3, Ordinance I of 1967:- In the said Ordinance, in section 3, for sub- section (1) the following shall be substituted, namely: _

"(l) Every company shall collect and pay to the Federal Government a development surcharge equal to differential margin in respect of natural gas sold by it to its consumers in a manner as prescribed by rules:

Provided that if the negative differential margin emerges, the amount of development surcharge shall not become payable but, at the close of the financial year and after incorporation of final tariff adjustment determined by the authority, the Companies shall re-calculate the natural gas development surcharge liability, re-assess the collection status of final natural gas development surcharge accrued and deposit the differential margin into Government treasury within one month of determination of the final revenue requirements by OGRA:

Provided further that for the company if the natural gas development surcharge emerges as negative differential margin, the company shall deposit the adjusted differential margin calculated by deduction of negative differential margin from the differential margin:

Provided also that the differential margin is available for such adjustment. However, in the event there is negative differential margin but insufficient differential margin for full adjustment then such balance of the negative differential margin shall be carried forward by the company in the next financial year for adjustment against differential margin. Notwithstanding anything to the contrary contained in this Ordinance and the rules made thereunder, the adjustment of negative differential margin made by a company prior to the date of commencement of the Natural Gas (Development Surcharge) (Amendment) Act, 2025 (Of 2025) shall be deemed to have been validly made and adjusted under the provisions of this Act.".

4. **Substitution of section 5, Ordinance No.I of 1967.—** In the said Ordinance, for section 5, the following shall be substituted, namely: _

"**5. Notice of default etc.**(l) Where a consumer defaults in payment of development surcharge to the company for a continuous period of six months, the company shall serve a notice of default, requiring the consumer to pay the default amount along with late payment surcharge within one month of receipt of the notice.

(2) In case a consumer fails to pay the amount as provided in sub-section (l), the natural gas supply to such consumer shall be disconnected by the company:

Provided that if such consumer makes a payment of sixty percent of the default amount along with late payment surcharge within six months of receipt of notice of default, the natural gas supply shall be restored by the company with the condition that balance forty percent amount shall be paid by the consumer within thirty days.

(3) Where a consumer fails to make payment pursuant to sub-section (l) and (2), the gas supply to such consumer shall remain disconnected till such time consumer makes payment of default amount along with late payment surcharge:

Provided that sub-sections (l) to (3) shall be applicable on the consumers of companies listed in the Schedule to this Ordinance.".

5. Amendment of Schedule, Ordinance I of 1967.- In the said Ordinance, in the Schedule-

(a) in entry 2, for the word "Northern" the word "Southern" shall be substituted;

(b) in entry 3, for the words "Gas Company" the word "Energies" shall be substituted; and

(c) for entry (5), the following shall be substituted, namely:-

"5. Oil and Gas Development Company Limited (OGDCL)".

Statement of Objects and Reasons

The Natural Gas (Development Surcharge) Ordinance, 1967 was promulgated to provide for the levy and collection of development surcharge on natural gas, based on the differential margin between prescribed price and sale price. Over time, the regulatory and pricing framework of the gas sector has evolved, particularly with the establishment of the Oil and Gas Regulatory Authority (OGRA) under the OGRA Ordinance, 2002, which now determines and notifies gas sale prices and revenue requirements.

2. In view of the evolving regulatory regime, certain anomalies have emerged in the implementation of the existing law. These include lack of clarity in definitions of sale price and prescribed price, absence of provisions to address negative differential margin where prescribed price exceeds the sale price, issues relating to recovery of accumulated development surcharge and late payment surcharge towards the consumers i.e., power plants and enforcement provisions including disconnection of gas supply in case of persistent default in payment of surcharge. The existing legal framework also does not adequately cater for adjustment mechanisms when differential margin emerges as negative.

3. In order to address the aforesaid issues, it is considered necessary to amend the Natural Gas (Development Surcharge) Ordinance, 1967 so as to align it with the prevailing regulatory framework for the reasons stated above.

(Mr. Ali Pervaiz Malik)
Minister for Petroleum Division,
Ministry of Energy
Government of Pakistan

Islamabad, the 09 June, 2026

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

قدرتی گیس (ڈویلپمنٹ سرچارج) آرڈیننس ۱۹۶۷ء میں مزید ترمیم کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قدرتی گیس (ڈویلپمنٹ سرچارج) آرڈیننس ۱۹۶۷ء (نمبر ا مجریہ ۱۹۶۷ء) میں بعدازیں ظاہر ہونے والے اغراض کے لیے ترمیم کی جائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

ا۔ مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔ (ا) یہ ایکٹ قدرتی گیس (ڈویلپمنٹ سرچارج) (ترمیمی) ایکٹ ۲۰۲۶ء کہلائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ آرڈیننس نمبر ا مجریہ ۱۹۶۷ء کی دفعہ ۲ کی ترمیم:۔ قدرتی گیس (ڈویلپمنٹ سرچارج) آرڈیننس (نمبر ا مجریہ ۱۹۶۷ء) میں جسکا بعدازیں ''مذکورہ آرڈیننس'' حوالہ دیا گیا ہے کی دفعہ ۲ میں۔

(الف) لفظ ''سیاق وسباق'' کے بعد حسب ذیل نئی شق کا اندراج کیا جائے گا اور موجودہ شق (ا) کو بطور (ا الف) دوبارہ نمبر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ا) ''اتھارٹی'' سے تیل وگیس انضباطی اتھارٹی آرڈیننس ۲۰۰۲ء (نمبر ۱۷ مجریہ ۲۰۰۲ء) کے تحت قائم کردہ تیل وگیس انضباطی اتھارٹی مراد ہے؛

(ب) شق (۳) میں الفاظ ''مقررہ قیمت فروخت'' الفاظ ''قیمت فروخت'' سے تبدیل کیئے جائیں گے؛ اور

(ج) شقات (۴)، (۵)، اور (۶) حسب ذیل سے تبدیل کی جائیں گی، یعنی:۔

(۴) ''دیر سے ادائیگی سرچارج'' سے دفعہ ۳ کی ذیلی دفعہ (۳) کے تحت صراحت کردہ دیر سے ادائیگی کا سرچارج مراد ہے؛

(۵) ''قدرتی گیس'' سے کنواں اور کھدائی کے سوراخوں سے حاصل کردہ گیس مراد ہے جو خاص طور پر کاربوہائیڈرٹس پر مشتمل ہو؛

(۶) منفی تفریقی مارجن'' سے مراد وہ رقم ہے جس کے ذریعے صراحت کردہ قیمت، قیمت فروخت سے بڑھ جائے؛

(۷) '' اوگرا آرڈیننس'' سے تیل وگیس انضباطی اتھارٹی آرڈیننس ۲۰۰۲ء (نمبر ۱۷ مجریہ ۲۰۰۲ء) مراد ہے؛

(۸) ''مقرر کردہ قیمت'' سے مراد وہ قیمت یا رقم مراد ہے جو ایک کمپنی اپنے صارفین سے وصول کرنے کی حقدار ہے خواہ اس کا کل محصول کی ضروریات کو حاصل کرنے کے لیے ہو یا پٹرولیم رعایت کے معاہدے کے تحت یا دیگر کسی گیس کے نرخ کے معاہدے کے تحت حکومت کے ساتھ تعمیل کیا گیا ہو جیسا کہ اتھارٹی کی جانب سے اوگرا آرڈیننس ۲۰۰۲ء کی دفعات اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد کی مطابقت میں تعین اور اعلان کیا ہو؛ اور

(۹) '' قیمت فروخت'' سے بشمول تمام قابل اطلاق ٹیرف مراد ، ہیں جیسا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے مخصوص کمپنیوں یا صارفین کے زمرے کے لیے اوگرا آرڈیننس کی دفعات اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد کے تحت اعلان کی گئی ہو؛''

۳۔ آرڈیننس نمبر ا مجریہ ۱۹۶۷ء کی، دفعہ ۳ کی ترمیم:۔ مذکورہ آرڈیننس، میں دفعہ ۳ میں ذیلی دفعہ (ا) کو حسب ذیل سے تبدیل کی جائے گی یعنی:۔

''(ا) ہر ایک کمپنی وفاقی حکومت کو قواعد کے ذریعے مقرر کردہ طریقہ کار سے اپنے صارفین کو فروخت کی جانے والی قدرتی گیس کے عوض تفریقی مارجن کے مساوی ڈویلپمنٹ سرچارج جمع کرے گی اور ادا کرے گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر منفی تفریقی مارجن پیدا ہوتا ہے تو ڈویلپمنٹ سرچارج کی رقم واجب الادا نہیں ہو گی لیکن مالیاتی سال کے اختتام پر اور اتھارٹی کی جانب سے طے شدہ حتمی تصویہ نرخ کو شامل کرنے کے بعد کمپنیاں قدرتی گیس کے ڈویلپمنٹ سرچارج کی واجب الادا رقم کا دوبارہ حساب لگائیں گی، حتمی قدرتی گیس ڈویلپمنٹ سرچارج کی حتمی محصول کی ضروریات کے تعین کے ایک ماہ کے اندر تفریقی مارجن کو سرکاری خزانے میں جمع کروائیں گے۔

مزید شرط یہ ہے کہ کمپنی کے لیے اگر قدرتی گیس کا ڈویلپمنٹ سرچارج منفی تفریق مارجن کے طور پر سامنے آتا ہے تو کمپنی تفریقی مارجن میں سے منفی تفریقی مارجن کی کٹوتی کر کے حساب کردہ تسویہ شدہ تفریقی مارجن جمع کروائے گی۔

یہ بھی شرط ہے کہ تفریقی مارجن مذکورہ تسویہ کے لیے دستیاب ہوتا ہم اگر ایسا ہو کہ منفی تفریقی مارجن ہو لیکن مکمل تسویہ کے لیے ناکافی تفریقی مارجن ہو تو پھر منفی تفریقی مارجن کا مذکورہ بقایا کمپنی اگلے مالی سال میں تفریقی مارجن کے تسویے کے لیے پیش بردہ کیا جائے گا۔ بلالحاظ اس امر کے کہ اس آرڈیننس اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد کے خلاف کوئی شئے موجود ہو قدرتی گیس (ڈویلپمنٹ سرچارج) (ترمیمی) ایکٹ ۲۰۲۵ء (نمبر بابت ۲۰۲۵ء) کے آغاز ونفاذ کی تاریخ سے قبل کمپنی کی جانب سے وضع کردہ تفریقی مارجن اس ایکٹ کی دفعات کے تحت جائز طور پر وضع کردہ اور تسویہ کردہ سمجھا جائے گا۔"

۴۔ آرڈیننس نمبر ا مجریہ ۱۹۶۷ء کی، دفعہ ۵ کی ترمیم:۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۵ حسب ذیل سے تبدیل کی جائے گی، یعنی:۔

"۵۔ **نادہندگی وغیرہ کا اطلاع نامہ۔** (۱) جہاں ایک صارف کمپنی کو مسلسل چھ ماہ کی مدت تک ڈویلپمنٹ سرچارج کی ادائیگی میں نادہندہ رہتا ہے تو کمپنی نادہندگی کا اطلاع نامہ کی تعمیل کرائے گی جس میں صارف سے تقاضا کیا جائے گا کہ وہ نادہندگی کی رقم کو بمع ڈویلپمنٹ سرچارج کے اطلاع نامہ کی وصولی کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر ادا کرے۔

(۲) صارف کی جانب سے ذیلی دفعہ (۱) میں مطلوبہ رقم کی عدم ادائیگی کی صورت میں کمپنی مذکورہ صارف کو قدرتی گیس کی فراہمی منقطع کرے گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر مذکورہ صارف نادہندہ رقم کا ساٹھ فیصد بمع دیر سے ادائیگی کے سرچارج کے نادہندگی کے اطلاع نامہ کی وصولی کی تاریخ سے چھ ماہ کے اندر ادا کرتا ہے تو کمپنی اس شرط کے ساتھ قدرتی گیس کی فراہمی بحال کرے گی کہ بقایا چالیس فیصد رقم صارف تیس دنوں کے اندر ادا کرے گا۔

(۳) جہاں صارف ذیلی دفعہ (۱) اور (۲) کے مطابقت میں ادائیگی میں ناکام ہوتا ہے تو مذکورہ صارف کو گیس کی فراہمی اس وقت تک منقطع کی جائے گی جب تک کہ صارف نادہند رقم بمع دیر سے ادائیگی کی رقم کے ادا نہیں کرتا ہے۔

مگر شرط یہ ہے کہ ذیلی دفعات (۱) سے (۳) کا اطلاق اس آرڈیننس کے جدول میں درج کمپنیوں کے

صارفین پر ہوگا"۔

۵۔ **آرڈیننس نمبر ا مجریہ ۱۹۶۷ء کے جدول کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، جدول میں،۔

(الف) اندراج ۲ میں لفظ "شمالی" لفظ "جنوبی" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) اندراج ۳ میں الفاظ "گیس کمپنی" لفظ "توانیاں" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ج) اندراج (۵)، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۵۔ تیل و گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ او جی ڈی سی ایل (OGDCL)"۔

بیان اغراض و وجوہ

قدرتی گیس (ڈویلپمنٹ سرچارج) آرڈیننس ۱۹۶۷ء نافذ کیا گیا تھا تاکہ مقررہ قیمت اور فروخت کی قیمت کے درمیان فرق کے مارجن کی بنیاد پر قدرتی گیس پر ڈویلپمنٹ سرچارج عائد اور وصول کیا جا سکے وقت کے ساتھ گیس کے شعبے کا انضباط اور قیمتوں کی تبدیل ہوئی ہے خصوصاً اوگرا آرڈیننس ۲۰۰۲ء کے تحت آئل و گیس انضباطی اتھارٹی کے قیام سے، جواب گیس کی فروخت کی قیمتوں اور محصول کی ضروریات کا تعین اور اعلان کرتی ہے۔

۲۔ بدلتے ہوئے انضباطی نظام کے پیش نظر موجودہ قانون کے نفاذ میں کچھ خامیاں (تضادات) سامنے آئے ہیں ان میں فروخت کی قیمت اور مقررہ قیمت کی تفریقوں میں واضح پن کی کمی منفی فرق کے مارجن (جہاں مقررہ قیمت فروخت کی قیمت سے تجاوز کر جائے) سے نمٹنے کے لیے دفعات کی عدم موجودگی صارفین یعنی پاور پلانٹس سے جمع شدہ ڈویلپمنٹ سرچارج اور تاخیر سے ادائیگی سرچارج کی وصولی سے متعلق مسائل اور سرچارج کی ادائیگی میں مسلسل نادہندگی کی صورت میں گیس کی فراہمی منقطع کرنے سمیت نفاذ کی دفعات شامل ہیں موجودہ قانونی ڈھانچہ کے ایڈجسمنٹ کے طریقہ کار کو بھی مناسب طریقے سے فراہم نہیں کرتی جب فرق کا مارجن منفی ہو جائے۔

۳۔ مذکورہ بالا مسائل کو حل کرنے کے لیے ضروری سمجھا گیا ہے کہ قدرتی گیس (ڈویلپمنٹ سرچارج) آرڈیننس ۱۹۶۷ء میں ترمیم کی جائے تاکہ مذکورہ بالا بیان کردہ وجوہات کی بناء پر اسے موجودہ انضباطی ڈھانچے کے مطابق ہم آہنگ بنایا جا سکے۔

(علی پرویز ملک)
وزیر برائے پیٹرولیم ڈویژن،
وزارت توانائی
حکومت پاکستان